40241 ـ حرم کی بجلی سے موبائل سیٹ چارج کرنے کا حکم

سوال

میں نے ایك عورت کو حرم مکی میں حرم کی بجلی سے اپنا موبائل چارج کرتے ہوئے دیکھا، کیا اس کا یہ عمل جائز تھا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ورع اور تقوی کا راستہ اختیار کرتے ہوئے احتیاط تو اسی میں ہے کہ ایسا نہ کیا جائے، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس میں شك ہو اسے چھوڑ کر ایسا عمل کرو جس میں شك نہ ہو "

سنن ترمذی حدیث نمبر (2518) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح ترمذی میں صحیح کہا ہے.

اس بنا پر حرم جانے سے قبل موبائل سیٹ کو گھر سے ہی چارج کر لیا جائے تا کہ حرم کی بجلی استعمال کرنے سے مستغنی رہے.

لیکن اگر مسلمان شخص کو اس کی ضرورت پیش آ جائے اور حرم کے ذمہ داران اس سے منع نہ کریں تو امید ہے کہ ان شاء اللہ اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن پھر بھی اسے اتنا ہی چارج کرنا چاہیے جتنی ضرورت ہو زیادہ نہ کرے، حتی کہ دوسرے مسلمان بھائیوں کو بھی اپنے موبائل سیٹ چارج کرنے کا موقع دے جو اس طرح یا اس سے بھی زیادہ ضرورتمند ہوں.

واللہ اعلم .